پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

مینڈیٹ چور وزیراعظم شہباز شریف اور ٹاؤٹ وزیرِداخلہ محسن نقوی کے احکامات پر چیف سیکرٹری اور آئی جی کے ذریعے "امن جرگے" پر فائرنگ کی شدید مذمت

تین افراد کی اموات اور درجن بھر کو زخمی کیئے جانے کی بھی شدیدترین الفاظ میں مذمت

امن و امان کا مسئلہ پیدا کرنے اور شہریوں کے خون سے ہاتھ رنگنے پر صوبائی حکومت سے وفاقی حکومت سے شدید احتجاج کرنے اور سرکاری طور پوری شدت سے معاملہ اٹھانے کی سفارش

اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے پختون تحفظ موومنٹ پر پابندی اور خیبر پختونخوا میں پختون جرگے کے انعقاد کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ

پختون جرگے کے خلاف ریاستی طاقت کے استعمال اور اس کے صوبے کے انتظامی اور معاشرتی حالات پر اثرات پر بھی غور

ملک میں سیاسی جماعتوں کی تشکیل، پرامن سیاسی سرگرمیوں کے انعقاد اور عوام کی ان میں شرکت پر آئین و قانون کی منشا پر بھی غور

وفاقی حکومت کی جانب سے پختون تحفّظ موومنٹ کو کالعدم قرار دیے جانے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت

صوبائی حکومت کی مرضی اور منشا، انتظامی حقوق و خودمختاری کو خاطر میں لائے بغیر ایک مجرم آئی جی کے ذریعے طاقت کے احمقانہ استعمال سے صوبائی حکومت کیلئے مسائل پیدا کرنے کی بھی شدید مذمت

عوامی مینڈیٹ سے محروم نااہل اور نالائق گروہ وفاق میں بیٹھ کر ملک میں مسلسل انتشار کے بیج بو رہا ہے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

مینڈِیٹ چور اور ان کے سرپرست ملک کو جنگل بنا کر تمام طبقات کو دیوار سے لگانے میں مصروف ہیں، سیاسی کمیٹی

تحریک انصاف

حکمرانی کے حق اور جواز سے یکسر محروم گروہ عملاً بنیادی انسانی حقوق، دستور، سیاست اور جمہوریت کی لاشوں پر اپنے اقتدار کی بساط بچھانے پر بضد ہے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

بنیادی سیاسی سمجھ بوجھ اور فیصلہ سازی کی صلاحیت سے محروم ایک ٹاؤٹ محسن نقوی مسلسل صوبائی معاملات میں مداخلت کررہا اور صوبے کو انتشار کی جانب دھکیلنے کی کوششیں کر رہا ہے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

سیاسی معاملات کا حل اند ھی طاقت سے کشید کرنا آمریت کی روایت ہے، آمریت کے کسی معقول سوچ سے عاری گماشتے حالات سنبھالنے کی بجائے ان میں مزید پیچیدگیاں پیدا کررہے ہیں، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

پختون تحفظ موومنٹ پر پابندی کسی مسئلے کا حل ہے نہ طاقت اور تشدد کے ذریعے بنیادی سیاسی حقوق کو سلب کرنے کی کسی طور حمایت کر سکتے ہیں، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

عقل سے پیدل مینڈیٹ چور اور ان کے ریاستی سرپرست "مولا جٹ" بن کر ملک میں انارکی اور طبقاتی کشمکش کو ہوا دینے کی بجائے آئین و قانون اور رولز آف بزنس کا احترام کریں، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

آئین و قانون کے تحت قائم سیاسی جماعتوں کو کالعدم قرار دینے کی رسمِ بد کو ترک کرکے ملک میں تہذیب و قانون کے دائرے میں پرامن سیاسی عمل کے فروغ کا ماحول پیدا کیا جائے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

خیبر پختونخوا کے عوام نے حکومت اور فیصلہ سازی کا مینڈیٹ تحریک انصاف کو سونپا ہے، صوبائی حکومت کسی تخصیص و امتیاز کے بغیر صوبے کے عوام کے آئینی، قانونی اور جمہوری حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود یقینی بنائے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

انتظامی امور میں غیرقانونی اور غیرمجاز مداخلت نہ صرف یہ کہ قبول نہ کی جائے بلکہ ہرگز اس کی اجازت نہ دی جائے اور اس کے مرتکب عناصر کا قانون کے تحت محاسبہ کیا جائے، سیاسی کمیٹی تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ